Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۷ مارچ ۱۹۳۶ء جلد ۳۸

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت کپتان ابن حسن (سکنڈ راجپوت انفنٹری)	۲	۳	معافی قصور و اجازت ملازمت بہ طاہر شاہ خاں ولد میر عالم خاں مسٹر حسین محمود شاہ خاں صاحب بہادر	۲
۲	" سکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں (سکنڈ راجپوت انفنٹری)	"			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقعہ ۲ مارچ سنہ ۳۶ء

زیر یادداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بسبقت تاریخ صدور حکم منظوری رخصت اتفاقیہ ایک ہفتہ مطلوبہ کپتان ایچ حسن سکنڈ رامپور رتفنگی انفنٹری از ۲ لغایتہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء بغرض روانگی دہلی بضرورت اپنی [illegible] خود — بوجہ صراحت کے کام کا انتظام کردیا گیا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ کپتان ایچ حسن سکنڈ رامپور رتفنگی انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ ۲ لغایتہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء منظور کی گئی سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

حکم

واقعہ ۲ مارچ سنہ ۳۶ء

زیر یادداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بالسبقت [illegible] صدور حکم منظوری رخصت اتفاقیہ سات یوم سکنڈ لفٹنٹ محبوب علی خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۳ لغایتہ ۹ مارچ سنہ ۳۶ء بغرض روانگی شاہجہانپور بضرورت تصفیہ معاملات دیہات [illegible] صراحت کے کام کا انتظام کردیا گیا ہے

حکم

بموجب رپورٹ سکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ ۳ لغایتہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء منظور ہے سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

روبکار

واقعہ ۳ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

طاہر شاہ خاں ولد عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر کی درخواست منسلکہ بالسبقت دستخط سے حضور والا اجازت ملازمت ملاحظہ ہوئی۔ نامبردہ جوان الحمد شریف الخاندان ہیں اور انکے والد ریاست میں معزز عہدہ پر ممتاز ہیں۔ لہذا بدولت و اقبال ازراہ پرورش انکا قصور معاف فرماتے ہیں۔ علاوہ فوج اور پولیس کے دیگر صیغہ جات میں انکو ملازمت کی اجازت ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع درخواست منسلکہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۳ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر